मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
NAAC سے 'A' گریڈ تصدیق شدہ

ڈاکٹر ایم اے سکندر
رجسٹرار

مسل نمبر: مانو رتعلیمات رمسل 42/2018-19/425
9راگست 2018

گشتی

موضوع: ماہانہ فیلوشپس راسکالرشپس کی اجرائی۔ پی ایچ ڈی اسکالرس کے لیے بائیومیٹرک حاضری کا متعارف کیا جانا۔ کی بابت

* * *

اکیڈیمک کونسل سے منظورہ پی ایچ ڈی قواعد میں ریسرچ اسکالرس کی حاضری کے لزوم کے سلسلے میں مندرجہ ذیل موجود ہے:

(i) پی ایچ ڈی کورس ورک امتحان میں شرکت کی اہلیت کے لیے کُل وقتی اور جز وقتی ریسرچ اسکالرس کو مجموعی طور پر کم از کم 75 فیصد حاضری درج کرنی ہوگی۔

(ii) ایسے اسکالرس کو ہی اسکالرشپ کے لیے ترجیح دی جائے گی جو ہر ماہ 75 فیصد حاضری درج کرتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے، متعلقہ صدر شعبہ رڈائرکٹر ایک 'حاضری رجسٹر' رکھیں جس پر دوسرے سمسٹر سے ریسرچ اسکالرس کی روزآنہ دستخط ضروری ہوگی۔

(iii) سمسٹر ا کی کورس ورک کلاسس، حاضری کی تصدیق اور تعمیل کے مقصد کی تکمیل کرینگی۔

(iv) کورس ورک سے مستثنیٰ اسکالرس کو سمسٹر ا سے ہی حاضری رجسٹر پر دستخط کرنی ہوگی۔

(v) ریسرچ نگران کار، ریسرچ اسکالر کی علالت، میٹرنٹی رخصت یا دیگر وجوہات کے سبب تحقیقی کام سے غیر حاضری کی اطلاع متعلقہ صدر اور شعبہ جاتی ریسرچ کمیٹی کو دیں گے۔ تحقیقی کام سے کسی بھی رخصت یا غیر حاضری کے لیے شعبہ جاتی ریسرچ کمیٹی کو قبل از وقت اطلاع اور منظوری کی ضرورت ہوتی ہے۔

(2) مندرجہ بالا شرائط کی تعمیل اور اسکالرشپ رفیلوشپ کی اجرائی کے مقاصد کے لیے حاضری نظام کو بہتر بنانے، یونیورسٹی نے نئے تعلیمی سال 19-2018 سے بائیومیٹرک اٹنڈنس سسٹم (ABAS) متعارف کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ طلبہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ دن میں دو مرتبہ (صبح وشام) اپنی حاضری درج کریں۔

مقامات جہاں بائیومیٹرک حاضری مشینیں نصب ہیں:

1) اسکول برائے کمپیوٹر سائنس اینڈ انفارمیشن ٹکنالوجی (CS&IT)
2) پالی ٹکنک
3) سید حامد لائبریری
4) اسکول برائے تعلیم و تربیت
5) اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات
6) مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت
7) عمارتِ انتظامیہ

گچی باؤلی، حیدرآباد - 500 032 تلنگانہ، ہندوستان
ٹیلیفون نمبر 040-23006601 (دفتر وائس چانسلر)، 23006121 (رجسٹرار) اور 23006604 (فیکس)
www.manuu.ac.in :ویب سائٹ، EPABX 2300 6612, 13, 14, 15

Scanned by CamScanner

طالب علم اپنی حاضری درج کرنے کے لیے ان میں سے کسی بھی بائیومیٹرک مشین کا استعمال کر سکتے ہیں۔ تمام ریسرچ اسکالرس کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ ذیل لنک پر اپنا رجسٹریشن 20/اگست سے پہلے کروالیں۔

http://manuuhyb.attendance.gov.in/register/myemp

نوٹ: ادارے کی تفصیلات درج کرتے وقت ادارے کی نوعیت ''سرکاری ملازم''، شعبہ/ڈویژن میں شعبہ کا نام اور عہدہ کی جگہ ''ریسرچ اسکالر'' درج کریں۔

[تعاون یا رہنمائی کے لیے طلبا جناب محمد شاہنواز قریشی، کمپیوٹر پروگرامر یا جناب دیپک سنگھ، ٹکنیکل اسسٹنٹ (کنٹراکٹ)، سنٹر فار انفارمیشن ٹکنالوجی سے رابطہ کر سکتے ہیں]

3. لہٰذا اصیغۂ تعلیمات اب سے، تمام فیلوشپس یعنی نان نیٹ، نیٹ، جے آر ایف، مانف، آر جی این ایف وغیرہ کی کاروائی مرکزی بائیومیٹرک نظام کے ذریعہ اندراج کردہ حاضری تفصیلات کی بنیاد پر کرے گا۔

4. صدر شعبہ متعلقہ شعبہ میں مندرج ریسرچ اسکالر کی اے بی اے ایس نظام کے ذریعہ حاصل کردہ ماہانہ حاضری رپورٹ ''درخواست دعویٰ'' کے ساتھ منسلک کریں گے جس میں اسکالر کی کوئی بھی منظورہ رخصت یا عملی کام سے غیر حاضری یا رخصت کی تفصیلات کی نشاندہی بھی ہوں گی۔

5. تمام ریسرچ اسکالرس کا یکم ستمبر 2018 سے بائیومیٹرک حاضری درج کرنا لازمی ہے۔

6. سٹیلائیٹ کیمپس/سی ٹی ایز (جہاں پی ایچ ڈی طلبہ کا داخلہ ہوا ہو) کے لیے عنقریب بائیومیٹرک حاضری مشین کی تنصیب کے بعد علاحدہ احکام جاری کیے جائیں گے۔

ایم. اے سکندر
رجسٹرار

نقل برائے:

1. تمام اسکولس کے ڈینس اور صدور شعبہ جات/ڈائرکٹرس مرکز۔ تمام ریسرچ نگراں کار اور ریسرچ اسکالرس کی اطلاع کے لیے
2. پرنسپلس سی ٹی ایز/انچارج، سٹیلائیٹ کیمپس لکھنو اور سری نگر۔ تمام ریسرچ نگراں کار اور ریسرچ اسکالرس کی اطلاع کے لیے
3. یونیورسٹی لائبریرین
4. ڈین تعلیمات
5. ڈائرکٹر سی آئی ٹی۔ ویب سائٹ پر اپلوڈ کے لیے
6. صدر، پروکیورمنٹ۔ سٹیلائیٹ کیمپس جہاں پی ایچ ڈی طلبہ ہوں، بائیومیٹرک مشینیں خریدنے اور لگانے کے لیے
7. افسر تعلقاتِ عامہ اور ہندی ادھیکاری۔ اردو اور ہندی ترجمہ کے لیے

Scanned by CamScanner